رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین)

انگلینڈ سے پیرزادہ محمد امداد حسین صاحب (بانی ورئیس جامعۃ الکرم ایٹن ہال ریٹفورڈ برطانیہ) نے درج ذیل تحف عنایت کئے ہیں۔

امدادالفقہ فی العبادات امداد الصرف' امدادالنحو'

Islamic Way of Worship

Islamic Beliefs

Islam, The complete way of Life

The Beautiful Life of Muhammad ﷺ

English Translation of Qaseedah Burdah.

یہ تمام کتابیں ان کی اپنی تالیفات ہیں۔

شامی اسکالر جناب محی الدین میقری، ایک صحافی ہیں، سیاسی ہفت روزہ نکالتے ہیں، خود ممبر پارلیمنٹ رہ چکے ہیں، اور نقشبندی سلسلہ میں شامی شیخ طریقت شیخ صالح فرفور رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت ہیں۔ وہ گزشتہ ماہ پاکستان کے خیر سگالی کے دورہ پر آئے تو انہوں نے اپنی مولفات میں سے دو کتابیں تحفۃ عنایت کیں۔

۱۔ النفس بین العلم والدین

۲۔ من نفحات الکتاب

اول الذکر کتاب علم نفس کتاب وسنت کی روشنی کے موضوع پر ہے جب کہ دوسری کتاب ۲۹۰ صفحات پر مشتمل قران کریم کے جزو ل اول (الم) کے پہلے تین رکوعوں کی مختصر تشریح وتفسیر ہے۔

جناب قاری محمد شفیق الرحمٰن صاحب نے ملوٹ ستیاں (ضلع راولپنڈی) سے ایک کتاب توقیر رسالت ارسال کی ہے جو الحاج علامہ طفیل احمد ہجویری قادری کی تالیف ہے۔

معارف رضا کا خصوصی شمارہ (سلور جوبلی نمبر) جناب سید وجاہت رسول قادری صاحب نے ارسال کیا ہے۔

☆ کتاب وسنت سے اخذ کردہ احکام، فقہی احکام کہلاتے ہیں ☆

جناب پیر عبد القادر صاحب سیفی نے لاہور سے حسب ذیل ہدایا ارسال کئے ہیں۔

جمال تجوید، سونا یا کھونا، موزوں پر مسح کے مسائل، **ازالۃ الزیغ فی آداب الشیخ، رسالہ جواز المنع عن النوافل والوظائف للسالکین فی ذکر اللطائف۔**

کرماں والا شریف ضلع اوکاڑا سے مجلہ حضرت کرماں والا کا خصوصی (میلاد نمبر) آیا ہے۔

لاہور سے ماہنامہ آب حیات کا خصوصی نمبر (سیرت انبیاء کرام) موصول ہوا۔

ابوظفر زین صاحب نے اپنی کتاب مضامین قرآن کریم (فوری اشاریہ) تحفہ میں عنایت کی ہے۔ جو ۴۷۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ فضلی بک سنٹر نے اسے شائع کیا ہے۔

مغرب (مراکش) سے اکیڈمی مملکت مغربیہ نے اپنی سلسلہ وار مطبوعات میں سے **الذکری الخمسون لثورۃ الملک والشعب** ارسال کی ہے۔

میاں زبیر صاحب نے لاہور سے دیگر کتب کے علاوہ السیف الرضویہ علی کلیۃ الوھابیۃ تالیف حافظ مدثر رضا قادری ارسال کی ہے جسے جامعہ جیلانیہ رضویہ لاہور کینٹ نے شائع کیا ہے۔

ہمارے محترم کرم فرمانے جناب تطہیر احمد رضوی کی کتاب غلط فہمیاں اور ان کی اصلاح بھجوائی ہے۔ جس میں بعض انتہائی اہم معاملات پر گفتگو کی گئی ہے یہ ایسے مسائل و معاملات ہیں جن میں لوگ عموماً غلطی کرتے ہیں۔ ادارہ معارف نعمانیہ کی شائع کردہ یہ کتاب ۱۵ روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کر کے ادارہ معارف نعمانیہ ۳۲۳ شاد باغ لاہور سے مفت حاصل کی جا سکتی ہے۔ اسی ادارہ کی شائع کردہ ایک اور کتاب عقائد اہل سنت و جماعت از علامہ نور بخش توکلی کا تحفہ بھی ہمیں موصول ہوا ہے۔ جناب میاں زبیر صاحب کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے بڑے بڑے عمدہ تحفے بھجواتے ہیں، انہوں نے اتباع شریعت نامی ایک کتاب کا تحفہ بھیجا ہے جسے جناب محمد حیدر مجددی صاحب نے حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات سے کشید کیا ہے۔ دنیا میں گناہوں کا بدلہ اور راہ سعادت نامی کتاب بھی تحفہ میں ملی ہے۔

ماہنامہ نور العرفان لاہور کا عربی نعت نمبر بھی تحفہ میں آیا ہے۔

جناب راجہ رشید محمود صاحب کہ ہمارے دیرینہ دعا گو بزرگ دوست ہیں ہر ماہ، ماہنامہ نعت کا تحفہ بھیجتے ہیں۔ دیگر جو مستقل ماہنامے آتے ہیں ان کا شکریہ ادا کرنا ابھی باقی ہے ان شاء اللہ کسی نشست میں وہ بھی قرض چکایا جائے گا۔ سردست کتابی تحفوں کی رسید پیش کی جا رہی ہے۔

☆ امام مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت سن ۹۳ ہجری میں اور وفات ۱۷۹ ہجری میں ہوئی ☆

عزیزیہ لائبریری گولارچی بدین کے انچارج جناب مجیب الرحمٰن صاحب نے جشن آمد رسول کا تحفہ دلائل کی روشنی کے ساتھ بھیجا ہے۔

برادرم کوکب نورانی صاحب کے خطوط کا مجموعہ نعت اور آداب نعت کے نام سے شائع ہوا ہے جو ہمیں کسی مہربان نے اس طرح بھجوایا ہے کہ بھیجنے والے کا اتا پتا معلوم نہ ہونے پائے۔

تحفہ نقشبندیہ جو الحدیقۃ الندیۃ فی الطریقۃ النقشبندیہ کا اردو ترجمہ ہے جناب علامہ شہزاد مجددی صاحب نے ارسال کیا ہے۔

ان تمام تحائف کے ارسال کرنے پر اللہ تعالیٰ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین)

We Appreciate

The Islamic Cultural

& Educational Association

Bradford. U.K.

☆☆☆☆☆

A group of Young Muslims
Working for the sake of Islam

May Allah give you every Succcess.

(From: Editorial Board Majallah Fiqh-e-Islami)

☆ لا اجتہاد عند ظہور النص ☆ نص کی موجودگی میں اجتہاد جائز نہیں ☆